**21-04-2024**

**21.15 Hrs**

**HL**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ...................... آفتاب احمد

---

**Music**

---

1۔ عام انتخابات کے دوسرے مرحلے کے لیے انتخابی مہم عروج پر پہنچ گئی ہے۔ سیاسی رہنما ووٹروں کو راغب کرنے کے لیے ہر ممکن کوشش کر رہے ہیں۔

2۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کل راشٹرپتی بھون میں پدم ایوارڈز پیش کریں گی۔

3۔ پچھلے مالی سال کے دوران نیٹ براہ راست ٹیکس وصولی 19 لاکھ کروڑ روپے سے زیادہ کی ہوئی ہے۔

4۔ محکمہ موسمیات نے، مشرقی بھارت میں اگلے پانچ دنوں کے لیے سخت گرمی کی لہر جاری رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔

5۔ اور IPL کرکٹ میں، کولکاتہ نائٹ رائڈرس نے رائل چیلنجرس بینگلور کو ایک رن سے ہرا دیا ہے۔ پنجاب کنگز اور گجرات ٹائٹنس کے درمیان میچ جاری ہے۔

---

**Music**

---

اب خبریں تفصیل سے

**EVE Campaigning**

عام انتخابات کے دوسرے مرحلے کیلئے چناؤ مہم ختم ہونے میں اب جبکہ تین دن باقی بچے ہیں، سیاسی پارٹیوں کے رہنما اپنے امیدواروں کیلئے جلسے اور روڈ شو کرکے ووٹروں کا دِل جیتنے کی ہرممکن کوششیں کر رہے ہیں۔ اِس مہینے کی 26 تاریخ کو دوسرے مرحلے میں کیرالہ کی 20 سیٹوں، کرناٹک کی 14، راجستھان کی 13، اترپردیش اور مہاراشٹر کی آٹھ-آٹھ، مدھیہ پردیش کی 7، آسام اور بہار کی پانچ-پانچ، مغربی بنگال اور چھتیس گڑھ کی تین-تین اور تریپورہ اور جموں وکشمیر کی ایک-ایک سیٹ پر ووٹ ڈالے جائیں گے۔

BJP کے سینئر رہنما اور وزیر اعظم نریندر مودی نے راجستھان میں جالور اور Banswara میں چناؤ جلسوں سے خطاب کیا۔

انھوں نے کہا کہ ملک کو ایک مستحکم سرکار کی ضرورت ہے جو مستقبل کی ضرورتوں کے مطابق بنیادی ڈھانچے کی سہولتیں پیدا کرسکتی ہے، نوجوانوں کے خوابوں کو سمجھ سکتی ہے اور اُن کے مطابق پالیسیاں تیار کرسکتی ہے اور خواتین، کسان، غریب، محروم، قبائل اور پسماندہ طبقے کے لوگوں کا خیال رکھ سکتی ہے۔

S/B 2100 PM Modi Banswada

جناب مودی نے کہا کہ وہ ملک کو ترقی کی بلندیوں پر لے جانے کے عزم کے ساتھ کام کر رہے ہیں۔ انھوں نے کانگریس پر الزام لگایا کہ اس نے موقع پرستی پر مبنی اتحاد قائم کیا ہے انھوں نے یہ بھی کہا کہ ملک کی باگ ڈور ایسے اتحاد کو نہیں سونپا جانا چاہئے۔

سلی گوڑی، مرشدآباد میں Narsinhapur اور مالدہ کے Nalagola میں عوامی جلسے سے خطاب کرتے ہوئے BJP کے سینئر رہنما اور مرکزی وزیر راجناتھ سنگھ نے کہا کہ Sandeshkhali نے ثابت کردیا ہے کہ مغربی بنگال میں خواتین ممتا بنرجی کی قیادت والی سرکار کے تحت محفوظ نہیں ہیں۔ انھوں نے الزام لگایا کہ وزیر اعلیٰ NRC کے معاملے پر مائیگرینٹ مزدوروں کو گمراہ کر رہی ہیں۔

S/B 2100 Rajnath On WB

دوسری جانب ترنمول کانگریس کی سربراہ ممتا بنرجی نے کہا ہے کہ BJP کے زیر قیادت مرکزی سرکار نے اقلیتوں اور SC ایس ٹی کے لوگوں سمیت عام لوگوں کو نظر انداز کیا ہے۔ Balurghat میں ایک عوامی جلسے میں اظہارِ خیال کرتے ہوئے انھوں نے الزام لگایا کہ مرکز ریاست کو فنڈ نہیں دے رہا ہے۔

کٹیہار میں ایک عوامی جلسے سے خطاب کرتے ہوئے BJP کے سینئر رہنما امت شاہ نے الزام لگایا کہ کانگریس اور RJD کی قیادت والا عظیم اتحاد بہار کو ایک بار پھر جنگل راج کے دور میں ڈھکیلنا چاہتا ہے۔ انھوں نے کہا کہ صرف NDA ہی ریاست کی بھلائی کیلئے کام کرسکتی ہے۔ جناب شاہ نے کہا کہ کانگریس پارٹی نے Kaka Saheb Kalelkar اور منڈل کمیشن کی رپورٹ کے خلاف احتجاج کرکے ہمیشہ معاشرے کے پسماندہ طبقوں کے مفادات کے خلاف کام کیا ہے۔

کانگریس کے رہنما پی چدمبرم نے کہا ہے کہ مرکز میں برسر اقتدار آنے پر آئی این ڈی آئی اے بلاک سپریم کورٹ کے قائم کردہ اِس قانونی اصول کو نافذ کرے گا کہ ضمانت قانونی حق ہے جبکہ خاص صورتحال میں ہی جیل بھیجا جانا چاہئے۔

تھیرونتھاپورم میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انھوں نے مزید کہا کہ آئی این ڈی آئے اے بلاک شہریت ترمیمی ایکٹ CAA اور BJP سرکار کی جانب سے بنائے گئے تین فوجداری قوانین کو منسوخ کرے گا۔

S/B 2100 P Chidambram

اترپردیش میں BSP کی سربراہ مایاوتی نے کہا ہے کہ BJP کے قول اور فعل میں بڑا فرق ہے۔ امروہہ اور غازی آباد میں چناوٴ ریلیوں سے خطاب کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ BJP کی گارنٹی اِس چناوٴ میں کوئی کام نہیں آئے گی۔

S/B 2100 Mayawati

اُدھر BJP کے سینئر رہنما انوراگ سنگھ ٹھاکر نے کانگریس پارٹی پر الزام لگایا ہے کہ وہ آئین کو تبدیل کرنے کے معاملے پر لوگوں میں غلط فہمی پیدا کر رہی ہے۔

جالندھر میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ کانگریس پارٹی جب اقتدار میں تھی تو اُس نے خود 62 مرتبہ آئین میں تبدیلی کی ہے۔x

## Bihar Scrutiny

بہار میں پارلیمانی انتخابات کے تیسرے مرحلے کے لیے جھنجھار پور، سُپول، اررِیہ، مدھے پورا اور کھگڑیا لوک سبھا حلقوں کے لیے 54 امیدواروں کے کاغذات نامزدگی صحیح پائے گئے۔ مجموعی طور پر 96 امیدواروں نے اپنا پرچہ داخل کیا تھا جن میں سے 42 کو مسترد کر دیا گیا۔ نام واپس لینے کی کل آخری تاریخ ہے۔ ریاستی چیف الیکٹورل آفس کے مطابق، مجموعی طور پر سب سے زیادہ 22 نامزدگیاں اررِیہ لوک سبھا حلقے سے مسترد کی گئی جہاں 29 امیدواروں نے اپنا پرچہ داخل کیا تھا۔ جھنجھار پور میں 17 میں سے 10 امیدواروں کے پرچے صحیح قرار دیئے گئے۔ دوسری طرف سپول لوک سبھا حلقے میں 15 نامزدگیاں اررِیہ میں نو، مدھے پورا میں 8 اور کھگڑیا لوک سبھا حلقے میں 12 نامزدگیاں صحیح قرار دی گئیں۔ ان لوک سبھا حلقوں میں سات مئی کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔x

## Manipur Poling

منی پور میں اندرونی منی پور پارلیمانی حلقے کے گیارہ پولنگ اسٹیشنوں میں کل دوبارہ ووٹنگ ہوگی۔ الیکشن کمیشن نے ریاستی الیکشن اتھارٹی کو ان پولنگ اسٹیشنوں پر صبح سات بجے سے شام پانچ بجے تک ووٹنگ کرانے کی ہدایت دی ہے۔ جمعہ کو منی پور میں لوک سبھا انتخابات کے پہلے مرحلے میں اِن پولنگ اسٹیشنوں پر عوامی تشدد، فساد، الیکٹرانک ووٹنگ مشینوں کی توڑ پھوڑ اور فرضی ووٹنگ کے واقعات پیش آئے تھے۔ اِن پولنگ اسٹیشنوں میں سے سات امپھال مشرقی ضلعے میں جبکہ چار امپھال مغربی ضلعے میں ہیں۔ اِن پولینگ اسٹیشنوں پر کل آزادانہ اور منصفانہ ووٹنگ کرانے کے لیے اضافی سکیورٹی انتظامات کیے جا رہے ہیں۔x

## PC Profile Balurghat

لوک سبھا انتخابات کا پہلا مرحلہ ختم ہو گیا ہے۔ دوسرے مرحلے کے لیے 26 اپریل کو ووٹنگ ہوگی۔ مغربی بنگال کے بالُرگھاٹ، دارجلینگ اور رائے گنج میں اسی مرحلے میں ووٹ ڈالے جائیں گے۔ آج ہم آپ کے لیے بالُرگھاٹ حلقے پر ایک رپورٹ لے کر آئے ہیں۔

V/C - Kalyan Laha

Balurghar پارلیمانی حلقہ سات اسمبلی حلقوں پر مشتمل ہے، جس میں Itahar، Kushmandi، کمار گنج، Balurghat، Tapan ، گنگا رامپور اور ہری رامپور شامل ہیں۔ Itahar کو چھوڑ کر تمام اسمبلی حلقے دکشن دیناج پور

ضلع میں آتے ہیں، جبکہ Itahar اتر دیناج پور ضلع میں آتا ہے۔
اس لوک سبھا سیٹ کے لیے تیرہ امیدوار میدان میں ہیں۔ جس میں BJP کے امیدوار ڈاکٹر Sukanta مجمدار، آل انڈیا ترنمول کانگریس کے بپلب مِترا، اور RSP کی طرف سے بائیں محاذ کے نامزد Joydev کمار سِدھانتا شامل ہیں۔ کانگریس پارٹی نے Balurghat سے اپنا کوئی امیدوار میدان میں نہیں اتارا ہے۔ وہ یہاں پر بائیں محاذ کے امیدار کی حمایت کر رہی ہے۔ BJP کے موجودہ رکن پارلیمنٹ ڈاکٹر Sukanta مجمدار کو AICT کے بپلب مترا سے سخت مقابلہ کا سامنا ہے۔
بپلب مترا اس وقت ہری رام پور آسمبلی سے MLA ہیں اور ریاست میں ممتا بینرجی کی قیادت والی کابینہ میں وزیر ہیں۔ بپلب مترا 2019 کے لوک سبھا الیکشن کے بعد ترنمول کانگریس کو چھوڑ کر BJP میں شامل ہو گئے تھے۔ اس کے بعد پھر وہ BJP چھوڑ کر ترنمول کانگریس میں واپس آگئے اور 2021 میں وہ ہری رام پور آسمبلی سے MLA منتخب ہوئے تھے۔

## Prez Padma Awards

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کل نئی دلی کے راشٹر پتی بھون میں سول انویسٹیچر تقریب میں پدم ایوارڈز پیش کریں گی۔ صدر جمہوریہ مرمو، سابق نائب صدر ایم وینکیا نائیڈو اور بھرت ناٹیَم رقاصہ ڈاکٹر پدم سبرامنیم کو پدم وی بھوشن سے سرفراز کریں گی۔ Bindeshwar Pathak کو بعد از مرگ، پدم وی بھوشن سے سرفراز کیا جائے گا۔ اداکار متھن چکرورتی اور گلوکار اوشا اُتھوپ پدم بھوشن ایوارڈ حاصل کریں گے۔ پدم بھوشن ایوارڈ حاصل کرنے والوں میں انسان دوست ڈاکٹر سیتارام جندل، کارڈیولوجسٹ ڈاکٹر تیجس مدھوسودن پٹیل اور اتر پردیش کے سابق گورنر رام نائک شامل ہیں۔
پدم ایوارڈز ملک کے اعلیٰ ترین شہری اعزاز میں سے ہے، جو پدم وی بھوشن، پدم بھوشن اور پدم شری کے زمروں میں دیئے جاتے ہیں۔
آرٹ، سماجی کام کاج، عوامی امور، سائنس اور انجینئرنگ، تجارت اور صنعت، ادویات، ادب اور تعلیم، کھیل کود اور شہری خدمات سمیت مختلف شعبوں میں یہ ایوارڈز دیئے جاتے ہیں۔×

## Direct Tax Collection

مالی سال 24-2023 میں بھارت کا نیٹ براہِ راست ٹیکس وصولی 17 اعشاریہ سات فیصد بڑھ کر 19 اعشاریہ پانچ آٹھ لاکھ کروڑ روپئے ہوگئی ہے۔ پچھلے مالی سال میں یہ 16 اعشاریہ چھ چار لاکھ کروڑ روپئے تھی اور مالی سال 2024 کے بجٹ اندازے سے ایک اَعشاریہ تین پانچ لاکھ کروڑ روپئے یا سات اَعشاریہ چار فیصد زیادہ ہے۔ پچھلے مالی سال کے براہِ راست ٹیکس کا بجٹ اندازہ 18 اَعشاریہ دو تین لاکھ کروڑ روپئے تھا۔ وزارتِ خزانہ نے ایک ریلیز میں کہا ہے کہ بعد میں اِسے بدل کر 19 اعشاریہ چار پانچ لاکھ کروڑ روپئے کردیا گیا تھا اور حقیقی ٹیکس وصولی نظر ثانی شدہ اندازے سے 13 ہزار کروڑ روپئے بڑھ گئی۔ سال 24-2023 کیلئے ریفنڈ سے پہلے براہِ راست ٹیکسوں

کی مجموعی وصولی میں بھی 18 اَعشاریہ پانچ فیصد کا زبردست اضافہ ہوا ہے جو بڑھ کر مالی سال 2023 میں 23 اعشاریہ تین سات لاکھ کروڑ روپئے ہوگئی۔

ذاتی انکم ٹیکس 24 اعشاریہ دو چھ فیصد کے اضافے کے ساتھ 12 اعشاریہ صفر ایک لاکھ کروڑ روپئے رہی۔

سرکار نے سال 2023-24 میں تین اعشاریہ سات نو لاکھ کروڑ روپئے کے براہِ راست ٹیکس ریفنڈ جاری کئے ہیں جس میں 22 اعشاریہ سات چار فیصد کا اضافہ ہے۔ پچھلے مالی سال میں یہ تین اعشاریہ صفر نو لاکھ کروڑ روپئے تھی۔x

## Heat Wave

مشرقی بھارت میں اگلے پانچ دن کے دوران شدید گرمی جاری رہنے کا امکان ہے۔ بھارت کے محکمہ موسمیات نے پیشگوئی کی ہے کہ اگلے پانچ دن کے دوران مغربی بنگال کے گنگا کے بہت سے علاقوں اور آج اور کل اڈیشہ میں شدید گرمی برقرار رہے گی۔ موسمیات کے محکمے نے یہ بھی کہا ہے کہ اگلے پانچ دن کے دوران مشرقی اترپردیش اور بہار میں کہیں کہیں اور 25 اپریل کو جھارکھنڈ میں شدید گرمی کی صورتحال برقرار رہنے کا امکان ہے۔ کل مغربی بنگال کے گنگا کے بہت سے علاقوں اور چھتیس گڑھ اور جھارکھنڈ کے بعض علاقوں اور مشرقی اترپردیش، ودربھ، بہار اور مشرقی مدھیہ پردیش میں کہیں کہیں زیادہ سے زیادہ درجۂ حرارت 42 سے 46 ڈگری سیلسیس کے درمیان ریکارڈ کیا گیا۔ موسمیات کے محکمے نے پیشگوئی کی ہے کہ اگلے 24 گھنٹے کے دوران شمال مغربی بھارت میں زیادہ سے زیادہ درجۂ حرارت میں کسی خاص تبدیلی کا امکان نہیں ہے۔

اُدھر شمال مشرقی بھارت کے بعض مقامات پر 24 اپریل تک ژالہ باری اور گرج چمک کے ساتھ شدید بارش کا امکان ہے۔ آسام، میگھالیہ، ناگالینڈ اور منی پور کے بعض مقامات پر تیز سے بہت تیز بارش ہوئی ہے۔x

## Odisha Forest Fires

اڈیشہ میں شدید گرمی اور لُو کے بعد میوربھنج ضلع میں شیروں کے Similipal محفوظ پناہ گاہ کے اندر جنگل میں آگ لگ گئی ہے۔ آگ کو بجھانے کیلئے جنگی پیمانے پر کارروائی جاری ہے۔ شیروں کے Similipal محفوظ پناہ گاہ کے حکام نے آگ بجھانے کیلئے آگ بجھانے والی ٹیموں کو سبھی حساس مقامات پر تعینات کیا ہے۔ اڈیشہ کی آفات سے تیزی سے نمٹنے والی فورس کی ٹیم کو بھی جائے واقعہ پر بھیجا گیا ہے۔ اڈیشہ میں Angul جنگلاتی ڈویژن سمیت بہت سے دوسرے جنگلاتی علاقوں میں جنگل کی آگ لگنے کی خبر ملی ہے۔

اِس دوران، ریاست میں سخت گرمی اور لُو کا سلسلہ جاری ہے جس سے معمول کی زندگی متاثر ہوئی ہے۔

Jharsuguda اور Keonjhar میں ریاست میں سب سے زیادہ 43 اعشاریہ چھ ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

شدید گرمی کے پیش نظر ریاستی سرکار نے اڈیشہ کے سبھی اسکولوں میں اِس مہینے کی 25 تاریخ سے گرمی کی چھٹیوں کا اعلان کیا ہے۔x

## AQI Delhi

حالیہ کچھ ہفتوں میں، دلی میں ہوا کے معیار میں بہتری آئی ہے۔ آلودگی کے کنٹرول سے متعلق مرکزی بورڈ CPCB کے مطابق آج قومی راجدھانی میں ہوا کا معیار متوسط زمرے میں تھا اور فضائی معیار کا انڈیکس 138 پوائنٹ تھا۔ ہوا کا معیار صفر سے 50 تک اچھا، 51 سے 100 کے درمیان مطمئن، 101 سے 200 کے درمیان متوسط اور 201 سے 300 کے درمیان برا مانا جاتا ہے۔x

## Chhattisgarh Accident

مدھیہ پردیش پولیس کے 9 اہلکار اُس وقت زخمی ہوگئے جب الیکشن ڈیوٹی کے دوران اُن کی بس چھتیس گڑھ کے بستر علاقے میں پلٹ گئی۔ یہ حادثہ آج صبح سویرے اُس وقت پیش آیا جب بس کے ڈرائیور نے سڑک پر ایک چھوٹی گاڑی کو بچانے کی کوشش کی۔ پولیس نے کہا ہے کہ مدھیہ پردیش سیکنڈ بٹالین عام انتخابات کے پہلے مرحلے میں ڈیوٹی مکمل کرنے کے بعد دوسرے مرحلے کیلئے جارہا تھا۔ یہ حادثہ بستر ضلع میں Dilmili کے پاس پیش آیا۔ بستر لوک سبھا حلقے میں 19 اپریل کو پولنگ ہوئی تھی۔x

## Poonch Arrested

جموں وکشمیر میں آج پنچھ ضلع کے سورَن کوٹ علاقے میں ایک ہیڈماسٹر کو گرفتار کیا گیا ہے جس کے قبضے سے پستول اور گرینیڈ برآمد ہوا ہے۔ سرکاری ذرائع کے مطابق پولیس اور فوج نے ایک مشترکہ کارروائی شروع کی اور تلاشی کے دوران OGW نامی Qamaduddin کو گرفتار کیا گیا۔ پولیس نے اِس سلسلے میں چھان بین شروع کردی ہے اور مقامی تھانے میں ایک FIR درج کی گئی ہے۔x

## Israel Air Strike

جنوبی غزہ میں رات بھر ہوئے اسرائیل کے دو ہوائی حملوں میں چودہ بچے اور تین خواتین سمیت 18 افراد ہلاک ہوگئے ہیں۔ صحت کے فلسطینی اہلکاروں کے مطابق، پہلے ہوائی حملہ میں ایک تین سالہ بچہ سمیت ایک ہی کنبہ کے تین افراد ہلاک ہو گئے۔ جبکہ دوسرے فضائی حملہ میں ایک دوسرے کنبہ کے دو خواتین اور 13 بچے مارے گئے ہیں۔ امریکی ایوان نمائندگان کے اسرائیل کے لیے بطور امداد 26 اعشاریہ تین بلین ڈالر پاس کرنے کے بعد یہ حملے ہوئے ہیں۔ اس امداد میں غزہ پٹی کے لیے انسانی ہمدردی کے خاطر نو بلین ڈالر شامل ہیں۔ جنوبی غزہ میں ہونے والے حالیہ حملوں میں ہلاک ہونے والوں کی تعداد کے ساتھ ہی اسرائیل حماس تنازعے میں ہلاک ہونے والے فلسطینیوں کی تعداد 34 ہزار سے تجاوز کر گئی ہے۔x

## Japan Helicopter Crash

جاپان میں ٹوکیو کے جنوب میں دو فوجی ہیلی کاپٹر کے گرکر تباہ ہونے کے حادثے میں ایک فوجی جوان ہلاک اور

سات دیگر لاپتہ ہو گئے ہیں۔ اہلکاروں کا کہنا ہے کہ دونوں ہیلی کاپٹر بحرالکاہل میں گرنے سے پہلے آپس میں ایک دوسرے سے ٹکرا گئے تھے۔ جاپان کے وزیر دفاع Minoru Kihora نے کہا ہے کہ بحری ذاتی دفاعی فوج MSDF کے دو SH-60 ہیلی کاپٹرس Torishima جزیرہ کے دریا میں رات کے وقت آبدوز مخالف ٹریننگ کر رہے تھے، اسی دوران سطح سے ان کا رابطہ منقطع ہو گیا تھا۔ بحری ذاتی دفاعی فوج MSDF ، فضائی ذاتی دفاعی فوج ASDF اور جاپان کے ساحلی گارڈس کے ساتھ لاپتہ اہلکاروں کی تلاش کی کارروائی شروع کر دی گئی ہے۔

جناب Kihora نے کہا ہے کہ حادثہ کی اصل مقصد جاننے کے لیے تحقیقات کی جارہی ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ وزارت فی الحال SH-60S کے تمام تربیتی پروازوں کو معطل کر دے گی۔x

## Candidated Ches 12th Round

شطرنج میں آج کناڈا کے شہر ٹورنٹو میں آخری راؤنڈ سے پہلے بھارت کے 17 سالہ کھلاڑی D. Gukesh فائیڈ Candidates 2024 کے واحد لیڈر بن گئے ہیں۔ سفید مہروں سے کھیلتے ہوئے Gukesh نے ایران کے علی رضا Firouzja کو 13ویں راؤنڈ میں ہرایا۔ Gukesh کے پاس ساڑھے آٹھ پوائنٹس ہیں اُن کا مقابلہ کل صبح آخری راؤنڈ میں امریکہ کے Hikaru Nakamura سے ہوگا۔x

## IPL Cricket

IPL کرکٹ میں کولکاتہ نائٹ رائڈرس نے کولکاتہ کے ایڈن گارڈنز میں ایک دلچسپ مقابلے میں رائل چیلنجرس بینگلور RCB کو آخری گیند پر ایک رن سے ہرا دیا ہے۔ 223 رن کے نشانے کو حاصل کرنے کے لیے کھیلتے ہوئے RCB کی پوری ٹیم مقررہ 20 اوورز میں 221 رن بناکر آؤٹ ہوگئی۔

RCB کو آخری اوور میں 21 رن چاہیے تھا لیکن وہ صرف 19 رن ہی بنا سکی۔ اینڈر رسل کو مین آف دی میچ قرار دیا گیا۔ انہوں نے پہلی اننگ میں 20 گیندوں میں 27 رن بنائے اور تین اہم وکٹ حاصل کیے۔

اس سے پہلے بلے بازی کرتے ہوئے کولکاتہ نے مقررہ 20 اوورز میں چھ وکٹ پر 222 رن بنائے تھے۔

کپتان سریئس ایئر نے 36 گیندوں پر 50 رن جبکہ افتتاحی بلے باز فلپس سالٹ نے صرف 14 گیندوں میں 48 رن اسکور کیے۔

بینگلور کی طرف سے کیمرون گرین اور لیش دیال نے دو دو وکٹ لیے۔

فی الحال کولکاتہ پوائنٹس ٹیبل میں دوسرے مقام پر ہے جبکہ RCB آخری مقام پر ہیں۔

دوسرا میچ چنڈی گڑھ کے مہاراجہ یداویندر سنگھ انٹرنیشنل کرکٹ اسٹیڈیم میں پنجاب اور گجرات کے درمیان کھیلا جا رہا ہے۔

پنجاب نے جیت کے لیے گجرات کے سامنے 143 رن کا نشانہ رکھا ہے۔x

☆☆☆☆☆☆